**11-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...........شگفتہ یاسمین

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ BJP لیڈر موہن چرن ماجھی اڈیشہ کے نئے وزیراعلیٰ ہوں گے۔ حلف برداری کی تقریب کل بھوبنیشور میں ہوگی۔

☆ TDP کے سربراہ این چندرا بابو نائیڈو بھی کل کرشنا ضلع میں آندھر پردیش میں وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیں گے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت والی کابینہ کے کئی مرکزی وزراء نے اپنے عہدوں کی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔

☆ UGC نے اگلے تعلیمی برس سے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں ایک سال میں دو مرتبہ طالب علموں کو داخل کیے جانے کی منظوری دے دی ہے۔

☆ محکمہ موسمیات نے، اگلے تین سے چار دن کے دوران اترپردیش، ہریانہ اور دلی سمیت ملک کے مشرقی اور شمال مغربی حصوں میں انتہائی شدید گرمی کی صورتحال کے تعلق سے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور مردوں کے فٹبال میں، دوحہ میں فیفا عالمی کپ 2026 کے لیے ایک اہم کوالیفائی میچ میں بھارت کو قطر سے میچ کھیلنا ہے۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## ODISHA NEW CM

BJP کے سینئر لیڈر موہن چرن ماجھی اوڈیشہ کے نئے وزیراعلیٰ ہوں گے۔ BJP قانون ساز پارٹی نے 2 مرکزی مشاہدین مرکزی وزیر راجناتھ سنگھ اور مرکزی وزیر بھوپیندر یادو کی موجودگی میں متفقہ طور پر 52 سالہ ماجھی کو اپنا لیڈر منتخب کرنے کا فیصلہ کیا۔ جناب ماجھی اوڈیشہ Keonjhar سے چار بار رکن اسمبلی رہے ہیں۔ وہ 2000، 2004، 2019 اور 2024 میں رکن اسمبلی منتخب ہوئے تھے۔ وزیر اعلیٰ کے طور پر منتخب ہونے کے بعد جناب ماجھی نے کہا کہ اُن کی حکومت ریاست کے لوگوں کی اُن توقعات کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش کرے گی، جن کو پورا کرنے کیلئے لوگوں نے اُنہیں پہلی بار ووٹ دے کر اقتدارسونپا تھا۔ BJP نے نائب وزرائے اعلیٰ کے طور پر سینئر بی جے پی لیڈران کنک وردھن سنگھ دیو اور Pravati Parida کے ناموں کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## REV ANDHRA PRADESH CHANDRABABU NAIDU

TDP کے سربراہ این چندربابو نائیڈو کو آندھر پردیش قانون ساز اسمبلی میں NDA کے لیڈر کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔ تیلگو دیسم پارٹی، جن سینا اور BJP کے قانون سازوں کی وجے واڑا میں منعقدہ ایک میٹنگ میں ممبران اسمبلی نے اتفاق رائے سے نائیڈو کو منتخب کیا۔ جن سینا پارٹی کے سربراہ اور پیتاپورم سے ایم ایل اے K Pawan Kalyan نے آندھرا پردیش اسمبلی میں NDA کے لیڈر کے طور پر چندر بابو نائیڈو کے نام کی تجویز پیش کی، جس کی NDA کے سبھی ممبران اسمبلی نے اتفاق رائے سے حمایت کی۔

NDA نے، آندھر پردیش میں 164 اسمبلی سیٹوں پر شاندار جیت درج کی ہے۔

جن سینا پارٹی کے ممبران اسمبلی نے آج، پارٹی سربراہ پون کلیان کو آندھرا پردیش اسمبلی کے فلور لیڈر کے طور پر منتخب کیا۔

تیلگو دیسم پارٹی کے سربراہ این چندر بابو نائیڈو، کرشنا نگر کے Gannavaram میں کل آندھر پردیش کے وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیں گے۔ 2014 میں آندھر پردیش کے دو حصے ہونے کے بعد یہ دوسری مرتبہ ہوگا کہ وہ آندھر پردیش کے وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیں گے۔×

## MINISTERS CHARGE

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت والی کابینہ کے کئی مرکزی وزراء نے آج اپنے اپنے عہدوں کی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ کل مرکزی وزراء کی کونسل کے قلمدانوں کا اعلان کیا گیا تھا جس میں کئی اہم وزیر اپنی اپنی وزارتوں پر برقرار

رکھے گئے تھے۔ جن وزراء نے آج اپنے عہدوں کی ذمہ داری سنبھالی اُن میں اہم نام وزیر داخلہ امت شاہ، وزیردفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، دیہی ترقی کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو شامل ہیں۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے امداد باہمی کی وزارت کی بھی ذمہ داری سنبھالی۔ نئی دلی کے نارتھ بلاک میں مرکزی وزیر داخلہ کی ذمہ داری سنبھالنے کے بعد سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب امت شاہ نے کہاکہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں امور داخلہ کی وزارت ملک اور اُس کے عوام کی سلامتی کے تئیں پابندعہد رہے گی۔ مرکزی وزیر داخلہ نے کہا کہ نریندر مودی حکومت اپنی تیسری مدت میں بھارت کی سلامتی کی اپنی کوششوں کو اگلی سطح تک لے جائے گی اور بھارت کو دہشت گردی، شورش پسندی اورنکسل واد کے خلاف ایک فصیل کے مانند بنائے گی۔

دیہی ترقی کی وزارت کی ذمہ داری سنبھالنے کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ دیہی ترقی مرکزی حکومت کی ترجیح ہے اور اِسے پورا کرنے کی غرض سے پہلے ہی کئی اسکیموں پرعمل کیا جا رہا ہے۔

S/B- 2100 - Chauhan Rural Dev

جناب چوہان نے یہ بھی کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا حکومت کا ایک مشن ہے اورلکھپتی دیدی جیسی اسکیمیں ترقیاتی لائحہ عمل میں شامل کی جائیں گی۔

S/B- 2100 - Chauhan Lakhpati DiDi

اقلیتی امور کی وزارت کا عہدہ سنبھالنے کے بعد کرن رجیجو نے آج کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کا سب کا ساتھ سب کا وِکاس کا نعرہ وزارت کے کام کاج کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ اقلیتوں کی دل آزاری کے الزامات کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت ہر شہری کے ساتھ مساوی برتاؤ کرتی ہے اور اُس نے ہمیشہ ایسی اسکیموں اور پالیسیوں پرعمل کیا ہے جو سب کو شامل کرنے والی ہیں۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ Bharat First اور واسودھیو کٹمبکم، بھارت کی خارجہ پالیسی کے دو رہنما محور رہیں گے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ وزیراعظم کی قیادت میں مودی تین اعشاریہ صفر کی خارجہ پالیسی انتہائی کامیاب رہے گی۔

نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے اشونی ویشنو نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں جناب مودی لوگوں کی زندگی میں ایک بڑی تبدیلی لائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم مودی نے بھارت کی معیشت کوگیارہویں مقام سے پانچویں مقام پر پہنچا دیا ہے۔

S/B- 1400 - Ashwini Vaishnav - I&B Minister

ڈاکٹر ایل موروگن نے آج نئی دلی میں اطلاعات ونشریات کے وزیرمملکت کے طور پر اپنا عہدہ سنبھالا۔ جن دیگر

وزراء نے آج اپنا عہدہ سنبھالا اُن میں، ہردیپ سنگھ پوری، جیوترآدتیہ سندھیا، منوہر لال، ڈاکٹر جتیندر سنگھ، جینت چودھری، سنجے سیٹھ، انّ پورنا دیوی ، گجیندر سنگھ شیخاوت، ارجن رام میگھوال، سریش گوپی اور چراغ پاسوان شامل ہیں۔ ×

## SIKKIM PRO TEAM SPEAKER

سکم میں گینگٹوک میں واقع راج بھون میں آج گورنر لکشمن پرساد آچاریہ نے Sanjeet Kharel کو ریاستی قانون ساز اسمبلی کے عبوری اسپیکر کے طور عہدے کا حلف دلایا۔ عبوری اسپیکر کے طور پر جناب Kharel نئے منتخب ارکان اسمبلی کو حلف دلائیں گے۔ اُن کا تعلق Namthang Rateypani اسمبلی حلقے سے ہے۔ اُن کی حلف برداری کی تقریب میں وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمنگ (Golay) چیف سکریٹری اور دیگر معزز شخصیتوں نے شرکت کی۔ X

## REV ARUNACHAL BJP OBSERVERS

اروناچل پردیش میںBJP پارلیمانی بورڈ نے قانون ساز پارٹی کے لیڈر کے انتخاب کیلئے رکن پارلیمنٹ روی شنکر پرساد اور پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری Tarun Chugh کو مرکزی مشاہدین کے طور پر مقرر کیا ہے۔ یہ دونوں مشاہدین کل دوپہر Itanagar پہنچیں گے۔

پارٹی کے ایک لیڈر کے مطابق وہ بی جے پی کے قانون سازوں سے بات چیت کریں گے تاکہ نئے وزیر اعلیٰ کے نام کا اعلان ہونے سے پہلے اتفاق رائے قائم ہو سکے۔ توقع ہے کہ نئے وزیر اعلیٰ اور اُن کے وزراء کی حلف برداری جمعرات کو ہوگی۔ بی جے پی نے اروناچل پردیش میںحال ہی میں ہوئے اسمبلی انتخابات میں 60 میں سے 46 سیٹیں جیت کر ایک بڑی کامیابی کے ساتھ دوبارہ اقتدار حاصل کیا ہے۔X

## RAHUL PRIYANKA RAIBRAELI

کانگریس کے سابق صدر اور رائے بریلی سے ممبر پارلیمنٹ راہل گاندھی اور پارٹی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا نے آج رائے بریلی میں آبھار سبھا یا شکریے کی تقریب سے خطاب کیا۔ امیٹھی اور رائے بریلی کی سیٹوں پر جیت کے لیے عوام کے تئیں ممنونیت کا اظہار کرتے ہوئے راہل گاندھی نے کہا کہ 2024 کے انتخابات میں لوگوں نے تشدد، جھوٹ اور نخوّت کے خلاف ووٹ دیا۔ کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے کہا کہ رائے بریلی اور امیٹھی لوک سبھا سیٹوں پر جیت پارٹی کارکنوں کی کڑی محنت کا نتیجہ ہے۔ اِس جیت نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ریاست اور ملک کے عوام صاف ستھری سیاست چاہتے ہیں۔ انہوں نے سماجوادی پارٹی کے کارکنوں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ اِس موقع پر امیٹھی ممبر پارلیمنٹ کشوری لال شرما بھی موجود تھے۔

کانگریس نے، ریاست کی تمام 403 اسمبلی سیٹوں پر آج سے دھنیہ واد یاترا شروع کی ہے جو 15 جون تک جاری رہے گی۔×

## UGC

یونیورسٹی گرانٹ کمیشن UGC نے، اگلے تعلیمی برس سے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں ایک سال میں دو مرتبہ طالب علموں کو داخل کیے جانے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب، جنوری اور فروری اور جولائی اور اگست میں داخلے ہوا کریں گے۔ فی الوقت UGC کے ضوابط ایک سال میں ایک تعلیمی سیشن میں ہی داخلے کی اجازت دیتے ہیں۔ آکاشوانی خبروں سے بات چیت کرتے ہوئے UGC کے سربراہ پروفیسر Mamidala Jagdesh Kumar نے بتایا کہ اِس فیصلے سے اُن طالب علموں کو فائدہ ہوگا جو مختلف وجوہات کی وجہ سے داخلہ نہیں لے پاتے اور جنہیں ایک اور سال کے لیے انتظار کرنا پڑتا ہے۔×

## SC NEET

سپریم کورٹ نے انڈرگریجویٹ نیٹ 2024 کے امتحانات کے بعد میڈیکل پروگرام کے سلسلے میں Counselling عمل پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے۔ عدالت نے اِس سلسلے میں ایک درخواست پر امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی اور دوسروں سے اُن کی رائے مانگی ہے۔ اِس درخواست میں عدالت سے کہا گیا تھا کہ اِس سال پانچ مئی کو انڈر گریجویٹ NEET کے امتحان کو منسوخ قرار دیا جائے۔ اِس معاملے کی اِسی سے وابستہ ایک دوسرے معاملے کے ساتھ اب اگلے مہینے کی آٹھ تاریخ کو سماعت کی جائے گی۔ عدالت میں کچھ طلبا نے درخواست دائر کرکے کہا ہے کہ امتحانات کی بدعنوانیوں اور جعلسازی کی جامع جانچ کرائی جائے۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ امتحانات کے نتائج کو منسوخ کرکے اِسے ازسر نو امتحان کرایا جائے۔×

## TAX DEVOLUTION

مرکز نے، موجودہ مہینے کے لیے 28 ریاستوں کو ٹیکس کی منتقلی کے طور پر ایک لاکھ 39 ہزار 750 کروڑ روپے کی ایک بڑی قسط جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق اِس سے ریاستی حکومتوں کو، ترقی کے کاموں اور اثاثوں پر خرچ میں تیزی لانے میں مدد ملے گی۔

سب سے زیادہ 25 ہزار کروڑ روپے اترپردیش کو اور پھر دوسرے نمبر پر بہار اور پھر مدھیہ پردیش کو دیئے گئے ہیں۔ 25-2024 کے عبوری بجٹ میں ریاستوں کو ٹیکس منتقلی کی غرض سے بارہ لاکھ کروڑ روپے مختص کیے گئے تھے۔

وزارت خزانہ نے بتایا کہ اِس ماہ کی 10 تاریخ تک ریاستوں کو دو لاکھ 79 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم منتقل کی جاچکی ہے۔×

## DELHI POWER

قومی راجدھانی کے کئی حصوں میں آج بجلی کی بڑی کٹوتی کی گئی۔ اترپردیش کے منڈولا میں واقع بجلی کے ایک گرڈ میں آگ لگنے کے بعد یہ کٹوتی کی گئی ہے۔ پاور گرڈ کارپوریشن آف انڈیا لمیٹڈ PGCIL ، راجدھانی کو ایک ہزار 500 میگاواٹ بجلی مہیا کراتا ہے۔

دلی کے محکمہ بجلی کی وزیر آتشی نے بتایا کہ بجلی کی بحالی کا عمل شروع ہو چکا ہے اور اِسے اب رفتہ رفتہ قومی راجدھانی کے مختلف علاقوں میں سپلائی کیا جا رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں آتشی نے کہا کہ وہ بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال اور PGCIL کے سربراہ سے ملاقات کا وقت لیں گی تاکہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ اس طرح کی صورتحال دوبارہ نہ ہو۔×

## DELHI LG WATER CRISIS

دلی کے لیفٹیننٹ گورنر وی کے سکسینا نے قومی راجدھانی میں جاری، پانی کی قلت کے مسئلے پر ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نایاب سینی سے بات کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سکسینا نے کہا کہ ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نے یہ بات دہرائی ہے کہ دلی کو اس کے لئے مختص حصہ کے مطابق پانی فراہم کیا جارہا ہے اور انہوں نے ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب سینی نے اُنہیں بتایا کہ شدید گرمی کے سبب ہریانہ خود مسائل سے دوچار ہے، اس کے باوجود دلی کو پانی کی فراہمی جاری ہے۔X

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمہ موسمیات نے، اگلے تین سے چار دن کے دوران اترپردیش، ہریانہ اور دلی سمیت ملک کے مشرقی اور شمال مغربی حصوں میں انتہائی شدید گرمی کی صورتحال کے تعلق سے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے محکمہ موسمیات میں سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینامنی نے بتایا کہ اترپردیش اور دلی میں شدید گرمی سے انتہائی شدید گرمی تک سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے بتایا کہ توقع ہے کہ اِس دوران درجۂ حرارت 43 سے 45 ڈگری سیلسیئس رہے گا۔ جنوب مغربی مانسون کے بارے میں ڈاکٹر جینامنی نے بتایا کہ مانسون گجرات، جنوبی گجرات، پورے کونکن خطے اور مہاراشٹر کے کچھ حصوں میں پہنچ گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کیرالہ، کرناٹک اور کونکن کے ساحلی

علاقوں میں زبردست بارش کی امید ہے۔×

## J&K REASI BUS TERROR ATTACK

جموں وکشمیر میں اتوار کی شام ریاسی میں یاتریوں کی ایک بس پر ہوئے حملے میں ملوث دہشت گردوں کا پتہ لگانے کے لیے بڑے پیمانے پر کی جانے والی کارروائی آج بھی جاری رہی اور اس میں سکیورٹی اہلکاروں کی 11 ٹیمیں جائے موقع پر اور Poni-Treyath خطے میں مختلف سمتوں سے گھیراؤ کرکے تلاشی کی کارروائی میں لگی ہیں۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا کہ اس دہشت گردانہ حملے کے بعد جس میں 9 افراد ہلاک اور 41 زخمی ہوئے ہیں، سکیورٹی فورسز نے جموں اور راجوری اضلاع میں ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے اور علاقے میں تلاشی کی کارروائی تیز کر دی ہے۔

پوچھ گچھ کے لیے 20 افراد کو اٹھایا گیا ہے۔ اتوار کے روز دہشت گردوں نے ریاسی کے Poni علاقے میں Teryath گاؤں کے قریب یاتریوں کو لے جا رہی 53 نشستوں والی بس پر گولیاں چلائیں۔ یہ بس Shiv Khori مندر سے کٹرہ کے ماتا ویشنو دیوی گپھا جارہی تھی۔ گولی باری کے بعد بس ایک گہری کھائی میں جاگری۔×

## JAPAN INDIA EXERCISE

بھارت-جاپان کی بحری مشقیں (Jimex 24) جاپان کے Yokosuka میں شروع ہوئیں۔ بھارتی بحریہ کے مطابق مشقوں کے دوران دونوں ممالک کی بحری فوجیں مشترکہ طور پر سمندر میں اپنی جنگی صلاحیتوں کو نکھارنے کے ساتھ اپنی بین عملی کارروائی کی صلاحیت کو بڑھائیں گی۔

بھارتی بحریہ کا ملک میں تیار کردہ Stealth Frigate INS Shivalik دو طرفہ بحری مشقوں میں حصہ لے رہا ہے۔

## MALAWI VP PLANE CRASH

ملاوی کے نائب صدر اور دیگر 9 افراد ہوائی جہاز کے ایک حادثے میں جاں بحق ہو گئے ہیں۔

ملاوی کے صدر Lozarus Chakwera نے آج ملکی ٹیلی ویژن پر ایک براہ راست خطاب میں یہ اعلان کیا۔ ایک دن سے زیادہ چلی تلاش کی کارروائی کے بعد فوجی ہوائی جہاز کا ملبہ جس میں نائب صدر Saulos Chilima سوار تھے، ملک کے شمال میں پہاڑی علاقے میں پایا گیا۔ یہ ہوائی جہاز جس میں 51 سالہ نائب صدر Saulos Chilima اور 9 دیگر افراد سوار تھے۔ کل 45 منٹ کی فضائی پرواز کے دوران غائب ہو گیا تھا۔×

**FOOTBALL**

فٹبال میں، بھارت کی مردوں کی ٹیم دوحہ میں فیفا عالمی کپ 2026 کے AFC کوالیفائر کے دوسرے راؤنڈ میں گروپ A کے میچ میں ایشیائی چمپئن قطر کے ساتھ میچ کھیل رہی ہے۔ یہ میچ کرو یا مرو کی حیثیت رکھتا ہے۔ کوالیفائی میچوں کے تیسرے راؤنڈ میں پہنچنے کے لیے بھارت کو گروپ A میں اعلیٰ دو مقامات میں سے کسی ایک پر پہنچنا ضروری ہے۔ ×

☆☆☆☆☆